Air inlet
Compressor wheel
Air outlet
(to engine)
Turbine wheel
Exhaust outlet
Exhaust inlet (from engine)

السلام علیکم ورحمتہ اللہؔ،

کیسے ہیں آپ سب؟

امید کرتا ہوں خیریت سے ہونگے...

ٹربو چارجر والی ٹیکنالوجی ذرا ہیمالمالنی اور لتا منگیشکر کے دور کی ہے ،

جبکہ

سپر چارجر والی ٹیکنالوجی عالیہ بھٹ، سوناکشی سنہا، شردھا کپور، اور صبا قمر کے دور کی ہے...

تو چلتے ہیں امیتابھ بچن .... میرا مطلب ہے ٹربو چارجر کی طرف...

ایک خالی پانچ کلو گھی والا ڈبہ لیں، اس کے اندر دو پورشن بنا کر ایک شافٹ گزاریں، اس کے دونوں سروں پہ باہر کی طرف پکھے لگائیں، جس میں ایک کا کام ہوا کو باہر کڈھنا ہو اور ایک کا کام ہوا کو اندر واڑنا ہو... اور اس ڈبے کو انجن کے ساتھ ایسے فٹ کریں کہ سلنسر سے نکلنے والی گیسیں اور دھواں شواں ہوا کو باہر نکالنے والے پکھے کے پروں کو گھماتی ہوئی باہر دفع ہو جائیں...

مزیدار ٹربو چارجر تیار ہے، اس پہ پودینے کی چٹنی ڈالیں اور ٹھنڈا ہونے پہ گاڑی کو سرو کریں...

‘‘‘

اب یہ ڈبہ کام کیسے کرے گا... ؟

جیسا کہ آپ کو پتا ہے،

انجن ہوا کو کھینچتا ہے

کمپریس کرتا ہے

پٹرول کی مدد سے اس آمیزے کو جلاتا ہے

اور

اس عمل میں پیدا ہونے والی گیسوں کو سلنسر کے راستے
گاڑی کے اس نظام انہضام سے باہر کڈھ دیتا ہے،

ویسے آپس کی بات ہے انجن کے سارے کام کسی ہٹلر صفت
ساس جیسے ہیں... خیر سانوں کی...

‘‘‘

واپس آتا ہوں،

انجنیئرز نے سوچا کہ سلنسر سے باہر نکلنے والی گیسوں کے
راستے میں اگر ہم ایسا پکھا لگا دیں جو ان نکلتی ہوئی
گیسوں کی تیز رفتاری اور طاقت سے چلے،

اور اپنے پیچھے لگے ہوئے دوسرے پکھے کی مدد سے ہوا
کھینچ کر انجن کو دے تو ہم انجن کے اندر زیادہ ہوا بھیج
سکیں گے،

زیادہ ہوا ، مطلب زیادہ آکسیجن،

زیادہ آکسیجن ، مطلب پٹرول زیادہ اچھے طریقے سے جلے گا، جس سے گاڑی کی طاقت میں اضافہ ہوگا... اور انجن پہ بھی زیادہ لوڈ نہیں پڑے گا کیونکہ اس کو کھنچی کھنچائی ہوا مل رہی ہے اس کو خود زور نہیں لگانا پڑ رہا...

بس اتنی سی بات ہے... ایک تو یار آپ تصویر نہیں دیکھتے، پہلی تصویر دیکھیں...

باقی رہ گئی بات سپر چارجر کی تو جہاں ٹربو چارجر سلنسر سے گزرتی ہوئی گرم گیسوں کی رفتار سے چلتا ہے،

سپر چارجر کو باقاعدہ انجن کے ساتھ ایک بیلٹ یا چین کے ساتھ کنیکٹ کر کے چلایا جاتا ہے، اس سے انجن پہ تھوڑا بوجھ پڑے گا ، پٹرول بھی ذرا چوکھا لگے گا، لیکن اس کی

پرفارمینس ٹربو چارجر سے کئی گنا زیادہ بہتر ہوگی۔اور ہم انجن سے زیادہ طاقت نکال سکیں گے---

دوسری تصویر سپر چارجر کی ہے۔

0307-8162003